# Aaj Ki Naiki-2025

## دعائیں

1: أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَفَانِيْ وَآوَانِيْ أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ وَأَفْضَلَ

أَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ أَنْ تُنَجِّيَنِيْ مِنَ النَّارِ

All praise is due to Allah, who has sufficed me and given me shelter. All praise is due to Allah, who has fed me and given me drink. All praise is due to Allah, who has bestowed His favors upon me and granted me abundantly. O Allah, I ask You, by Your honor, to save me from the Fire.

اللہ کے لیے تمام تعریفیں ہیں، جو میرے لیے کافی ہوا اور مجھے ٹھکانا دیا۔

اللہ کے لیے تمام تعریفیں ہیں، جس نے مجھے کھلایا اور پلایا۔

اللہ کے لیے تمام تعریفیں ہیں، جس نے مجھ پر احسان فرمایا اور مجھے فضیلت دی۔

اے اللہ !میں تجھ سے تیری عزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے جہنم کی آگ سے نجات عطا فرما۔

2: أَللَّهُمَّ اجْعَلْ عَمَلِيْ كُلَّهُ صَالِحًا ، وَاجْعَلْهُ لِوَجْهِكَ خَالِصًا ، وَلَا تَجْعَلْ لِأَحَدٍ فِيْهِ شَيْئًا

O Allah, make all of my deeds righteous, and make them purely for Your sake, and do not let anyone have a share in them.

اے اللہ !میرے تمام اعمال کو نیک بنا دے، اور انہیں خالصتاً اپنے لیے قبول فرمااور ان میں کسی اور کا کوئی حصہ نہ ہونے دے۔

3: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ

O Ever-Living, O Self-Subsisting, by Your Mercy I seek (Your) assistance and rectify for me all my affairs and do not give me charge of myself, even for a blink of an eye.

اے زندہ اور قائم رہنے والے، تیری رحمت کے سبب سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سب کاموں کی اصلاح فرما دے اور پلک جھپکنے تک کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

(المستدرک)

4: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

O Allah! Grant a good end in all our matters and save us from humiliation of the world and the torment of the Hereafter.

اے اللہ ! سب کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

5: أَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

O Allah! Save me from the Fire

اے اللہ ! مجھے آگ سے پناہ دے

6: أَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ قَلْبِيْ

O Allah! Guide my heart, make my speech right, and remove any bitterness from my heart

اے اللہ ! میرے دل کو ہدایت دے، میری زبان کو درست کر، اور میرے دل کی کدورت کو دور فرما۔

7: أَللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَئِي وَعَمَدِي كُلِّهَا أَللَّهُمَّ أَنْعِشْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْزُقْنِي وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ.

O Allah! Forgive all my mistakes, whether intentional or unintentional. O Allah! Strengthen me, heal my broken heart, provide for me, and guide me to good deeds and good character.
No one can guide to goodness or remove bad traits except You.

اے اللہ! میرے خطا و دانستہ گناہ سب معاف فرما۔ اے اللہ! مجھے سنبھال، میرے ٹوٹے دل کو جوڑ، مجھے رزق عطا فرما، اور نیک اعمال و اخلاق کی ہدایت دے۔ کوئی انہیں درست نہیں کر سکتا اور برے اخلاق کو دور نہیں کر سکتا سوائے تیرے۔

8: أَللَّهُمَّ إِنِّيٓ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

O Allah! I ask You for forgiveness and well-being in this world and the Hereafter.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

9: أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَ أَتُوْبُ إِلَيْهِ۔

I seek forgiveness from Allah, there is no god but Him, the Ever-Living, the Sustainer, and I turn to Him in repentance.

میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے، اور میں اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

10: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ

O Allah! Indeed I ask You for all the goodness of the hastened one (this world) and of the delayed one (the Hereafter), from what I know and what I do not know. O Allah! I seek refuge in You from all the evil of the hastened one (this world) and of the delayed one (the Hereafter), from what I know and what I do not know.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے جلدی ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں، ان میں سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا اور میں

تیری پناہ چاہتا ہوں جلدی ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام برائیوں سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا۔ (سنن ابن ماجہ)

12: أَللَّهُمَّ إِنِّيٓ أَسأَلُكَ الجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيهَا مِن قَولٍ أَو عَمَلٍ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيهَا مِن قَولٍ أَو عَمَلٍ

O Allah! I ask You for Paradise and for all words and actions that bring me closer to it. And I seek refuge in You from Hellfire and from all words and actions that bring me closer to it.

اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ان تمام باتوں اور اعمال کا جو مجھے اس کے قریب لے جائیں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں جہنم سے اور ان تمام باتوں اور اعمال سے جو مجھے اس کے قریب لے جائیں۔

14: اَللّٰهُمَّ اَنتَ رَبِّي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنتَ خَلَقتَنِي وَاَنَا عَبدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهدِكَ وَوَعدِكَ مَا استَطَعتُ اَعُوذُ بِكَ مِن شَرِّ مَا صَنَعتُ اَبُوءُ لَكَ بِنِعمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوءُ بِذَنبِي فَاغفِرلِي اِنَّهُ لَا يَغفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنتَ


www.arrahma.org |

O Allah, You are my Lord; there is no true deity except You. You created me and I am your servant, I am upon your covenant and Your promise to the best of my ability. I seek refuge with you from the evil that I have done. I acknowledge Your bounties upon me and I acknowledge my sin, so forgive me, verily none forgives sins except you.

اے اللہ !تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری عطا کردہ نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دے، یقینا تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔

## 15: رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِي الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

Our Lord, give us in this world [that which is] good and in the Hereafter [that which is] good and protect us from the punishment of the Fire.

اے ہمارے رب !ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

A R R A H M A H

ج

## 16: رَبِّ اجۡعَلۡنِيۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِيۡ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ



www.arrahma.org |

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ

My Lord, make me an establisher of prayer, and [many] from my descendants. Our Lord and accept my supplication. Our Lord, forgive me and my parents and the believers the Day the account is established.

اے میرے رب !مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد میں سے بھی۔ اے
ہمارے رب !اور میری دعا قبول فرما اے ہمارے رب !مجھے، میرے والدین اور
تمام مومنوں کو اس دن معاف فرما جب حساب قائم ہوگا۔

17: أَللَّهُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَمِنْ
فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ .

O Allah, I seek refuge in You against the punishment of Jahannam (Hellfire), the punishment of the grave, the trial of life and death and the evil of the trial of Masih ad-Dajjal (Antichrist).

اےاللہ! میں تجھ سے جہنم کے عذاب، اور قبر کے عذاب، اور زندگی اور موت کی
فتنوں سے، اور مسیح دجال کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں۔

A R R A H M A H

18: أَللَّهُمَّ إِنِّيٓ أَعُوذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ أَللَّهُمَّ إِنِّيٓ أَعُوذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

O Allah I seek refuge in the punishment of the grave, and I seek refuge from the evil of the trial of Masih ad-Dajjal (Antichrist), and I seek refuge the trial of life and death. O Allah, I seek refuge with You from sin and debt.

اے اللہ! میں تجھ سے قبر کے عذاب، اور مسیح دجال کے فتنہ سے ، اور زندگی اور موت کی فتنوں سے پناہ مانگتا ہوں۔ یا اللہ میں گناہ سے اور قرض سے پناہ مانگتا ہوں۔

19: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْماً كَثِيراً وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

O Allah, indeed I have wronged my soul greatly, and none can forgive sin except You. So, forgive me and grant me a great forgiveness from Yourself

and have mercy upon me. Surely, You are the Most Forgiving, the Most Merciful.

اے اللہ! بے شک میں نے اپنے نفس پر بہت زیادہ ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں ہے پس مجھے بخش دے، بخشش اپنی طرف سے اور مجھ پر رحم فرما، بے شک تو بہت معاف کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

20: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

O Allah, forgive me my former and latter sins, what I have kept secret and what I have done openly, and what I have done extravagance; and what You know better than I do. You are the Advancer, the Delayer, there is no god but You.

اے اللہ! میرے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دے اور وہ تمام گناہ جنہیں میں نے چھپ کر اور کھلم کھلا کیا ہو، اور جو زیادتی کی ہو اسے اور اس گناہ کو جسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، بخش دے۔ تو جسے چاہے آگے کرے، جسے چاہے پیچھے کرے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔

21: أَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ

O Allah! put right for me my Deen which is a source of guarding my affairs and reform for me my world wherein is my livelihood, reform for me my hereafter wherein is my return and make my life as a source of abundant goodness and make my death a source of peace from all evils.

اے اللہ !تو میرے دین کو سنوار دے جو میرے معاملہ کا محافظ ہے ، میری دنیا سنواردے جس میں میری معیشت ہے ، میری آخرت سنوار دے جہاں میں نے لوٹنا ہے، میری زندگی کو ہر بھلائی میں اضافہ کا سبب اور موت کو ہر برائی سے را حت کا سبب بنا دے

22: أَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَرْفَعْنِیْ

O Allah, forgive me and have mercy on me and grant me health and well-being and strengthen me and raise my rank.

اے اللہ !مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے صحت اور عافیت عطا فرما، مجھے قوت دے اور میرے درجے بلند فرما

23: أَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُبِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ ، أَسْتَغْفِرُكَ لِمَالَآ أَعْلَمُ

O Allah, I seek refuge in You lest I associate anything with You knowingly, and I seek Your forgiveness for what I know not

اے اللہ !میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں جانتے بوجھتے تیرے ساتھ شرک کروں اور جو میں نہیں جانتا اس کے بارے میں استغفار کرتا ہوں۔

24: أَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِکَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِکَ وَجَمِيْعِ سَخَطِکَ۔

O Allah! Verily I seek refuge in You from the decline of Your blessings, the change of our state of well-being, the sudden onset of Your punishment and from all that displeases You.

اے اللہ !بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں، تیری عطا کردہ نعمتوں کے زوال سے اور تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے، تیری سزا کے اچانک وارد ہوجانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے۔

## 25: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِي آخِرَهُ وَخَيْرَ عَمَلِي خَوَاتِمَهُ وَخَيْرَ أَيَّامِي يَوْمَ أَلْقَاكَ فِيهِ

O Allah, make the best of my life be its end, the best of my actions be their seal, and the best of my days be the day I meet You.

اے اللہ میری آخری عمر کو میری بہترین عمر اور میرے آخری اعمال کو میرے بہترین اعمال بنا دے۔اور تجھ سے ملاقات کے دن کو میرا بہترین دن بنادے۔

## 26: اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

O Allah! help me in remembering You, in thanking You, and in beautifully worshiping You.

اے اللہ ! اپنا ذکر، شکر اور بہترین عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔

27: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لاَ يَرْتَدُّ، وَنَعِيمًا لاَ يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وسلم فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ

O Allah! I ask you for Iman that does not retrogress, bounties that do not deplete and the companionship of Muhammad (sallallahu 'alayhi wa sallam) in the highest levels of the eternal Jannah.

اے اللہ !میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جو پیچھے نہ ہٹے، ایسی نعمتیں جو زائل نہ ہوں اور ابدی جنت کے اعلیٰ درجات میں محمد )صلی اللہ علیہ وسلم (کی صحبت کا سوال کرتا ہوں۔

28: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هٰذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ

Praise is to Allah Who has given me this food, and sustained me with it though I was unable to do it and powerless.

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور بغیر میری طاقت و قوت کے مجھے یہ عنایت فرمایا۔

29: اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ
فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ
كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

O Allah! put right for me my Deen which is a source of guarding my affairs and reform for me my world wherein is my livelihood, reform for me my hereafter wherein is my return and make my life as a source of abundant goodness and make my death a source of peace from all evils.

اے اللہ ! تو میرے دین کو سنوار دے جو میرے معاملہ کا محافظ ہے، میری دنیا سنوار دے جس میں میری معیشت ہے، میری آخرت سنوار دے جہاں میں نے لوٹنا ہے، میری زندگی کو ہر بھلائی میں اضافہ کا سبب اور موت کو ہر برائی سے راحت کا سبب بنادے۔

30: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ
وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ
عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

O Allah, You are my Lord; there is no true deity except You. You created me and I am your servant, I am upon your covenant and Your promise to the best of my ability. I seek refuge with you from the evil that I have done. I acknowledge Your bounties upon me and I acknowledge my sin, so forgive me, verily none forgives sins except You.

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری عطا کردہ نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دے، یقینا تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔

31: اَللّٰهُمَّ جَدِّدِ الإِيمَانَ فِي قُلُوبِنَا

O Allah! Renew the Emaan in our hearts.

اے اللہ! ہمارے ایمانوں کی تجدید کردے ہمارے دلوں میں۔

32: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِينَةِ الإِيمَانِ

O Allah! I ask You for the sweetness of looking upon Your face and a in a manner that does not entail a calamity that will longing to meet You

bring about harm or a trial that will cause deviation. O Allah, beautify us with the adornment of faith

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے دیدار کی لذت، اور تیری ملاقات کے شوق کا طالب ہوں، اور پناہ چاہتا ہوں تجھ سے اس مصیبت سے جس پر صبر نہ ہو سکے، اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کر دے، اے اللہ! ہم کو ایمان کے زیور سے آراستہ رکھ۔

33: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِي يُبَلِّغُنِي حُبَّكَ

O Allah, indeed, I ask You for Your love and the love of those who love You, and for the deeds that will cause me to attain Your love.

اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور میں اس شخص کی بھی تجھ سے محبت مانگتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے، اور ایسا عمل چاہتا ہوں جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔

34: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسأَلُكَ حُسْنَ الْخَاتِمَةِ

O Allah I ask you for a good end.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے بہتر خاتمے کا سوال کرتا ہوں۔

35: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي تَوْبَتًا نَّصُوحًا قَبْلَ الْمَوْتُ

O Allah bless me with faithful repentance before death.

اے اللہ مجھے سچی توبہ عطا فرما قبل از موت۔

36: سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

O Allah, You are free from every imperfection; Our Lord praise be to You. O Allah, forgive me.

پاک ہے تو اے اللہ !اے ہمارے پروردگار !اور سب تعریف تیرے لیے ہے ۔

اے اللہ !میرے گناہ معاف کر دے ۔

37: اَللّٰهُمَ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ وَمِنْ

طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مَصَائِبَ

الدُّنْيَا ، اَللّٰهُمَ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ

الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا

تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا

تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا

O Allah! Distribute amongst us such awe and fear of Yours that will be a means of intervening between us and Your disobedience; and grant us such obedience of Yours that will enable us to reach Your Paradise; and such conviction which will ease upon us the afflictions of the world. O Allah! As long as You keep us alive, benefit us by means of our hearing, our sight and our bodily strengths; make each one of them our heir; avenge for us those who wronged us; help us against our enemies and do not place any difficulties in our Deen nor make the world the greatest of our sorrows nor a (limited) source of our knowledge and do not impose upon us one who has no mercy for us.

اے اللہ! تو ہمیں اپنا ایسا خوف عطا فرما جو ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے، ایسی اطاعت کی توفیق عطا فرما جو ہمیں تیری جنت تک پہنچا دے، ایسا یقین جس سے ہماری دنیا کی مصیبتیں ہم پر آسان ہو جائیں۔ اے اللہ! جب تک تو ہمیں زندہ رکھ تو ہمارے کانوں، آنکھوں اور قوتوں سے ہمیں فائدہ پہنچا اور ہر ایک کو ہمارا وارث بنا، ہمارا انتقام ہمارے ظالموں پر ڈال دے، ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما، ہمارے دین کے بارے میں ہم پر مصیبت نہ ڈال، دنیا

کو ہمارے لیے بڑے غم کی چیز نہ بنا، نہ ہمارے علم کا ذریعہ بنا اور ہم پر اس کو نہ مسلط کر جو ہمارے حال پر رحم نہ کرے۔

38: رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي ۖ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (46:15)

My Lord, enable me to be grateful for Your favor which You have bestowed upon me and upon my parents and to work righteousness of which You will approve and make righteous for me my offspring. Indeed, I have repented to You, and indeed, I am of the Muslims.

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تُو نے مجھ پر اور میرے والدین پر عطا فرمائی اور یہ کہ ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور میرے لیے میری اولاد کی اصلاح فرمادے، بے شک میں نے تیری طرف توبہ کی اور بے شک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

39: رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ

إِمَامًا (25:74)

Our Lord, grant us from among our wives and offspring comfort to our eyes and make us an example for the righteous.

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے ازواج اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقین کا

امام بنا۔

40: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ

أَنْ أُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ

الْقَبْرِ

O Allah, I seek refuge in You from stinginess, I seek refuge in You from cowardice, I seek refuge in You from old age (and senility), I seek refuge in You from the temptation of the world and I seek refuge in You from the punishment in the grave.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ ناکارہ عمر میں پہنچا دیا جاؤں، میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ (صحیح البخاری)

41: اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ

O Allah! Indeed, You are the One Who forgives; You love to forgive so forgive me.

اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف کر دے۔

42: اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَّا يَنْفَدُ وَأَسْأَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَأَسْأَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ وَأَسْأَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَأَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ اَللّٰھُمَّ زَيِّنَّا بِزِينَةِ الْإِيمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُهْتَدِينَ

O Allah,I ask You for everlasting delight and joy that will never cease. I ask You to make me pleased with that which You have decreed and for an

easy life after death. I ask You for the sweetness of looking upon Your face and a longing to meet You in a manner that does not entail a calamity that will bring about harm or a trial that will cause deviation. O Allah, beautify us with the adornment of faith and make us among those who guide and are rightly guided.

اے اللہ ! میں تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو، اور میں تجھ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کا طلبگار ہوں جو منقطع نہ ہو، اور میں تجھ سے تیری قضاء پر رضا کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے موت کے بعد کی راحت اور آسائش کا طالب ہوں، اور میں تجھ سے تیرے دیدار کی لذت، اور تیری ملاقات کے شوق کا طالب ہوں، اور پناہ چاہتا ہوں تجھ سے اس مصیبت سے جس پر صبر نہ ہو سکے، اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کر دے، اے اللہ! ہم کو ایمان کے زیور سے آراستہ رکھ، اور ہم کو راہ نما اور ہدایت یافتہ بنا دے۔ (سنن النسائی)

43: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ الْمَسْأَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَاءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيَاةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِي وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِي وَحَقِّقْ إِيْمَانِي وَارْفَعْ دَرَجَاتِي وَتَقَبَّلْ صَلَاتِي وَاغْفِرْ خَطِيْئَتِي

O Allah! Indeed I ask You that I make the best appeal and the best supplication, for the best salvation, the best deeds, the best reward, the

best life and the best death and to keep me steadfast, and to make heavy my scale (of good deeds) and establish my faith and elevate my ranks, accept my prayers and forgive my mistakes.

اے اللہ ! بے شک میں تجھ سے بہترین سوال کرنا، بہترین دعا، بہترین نجات، بہترین عمل، بہترین ثواب، بہترین زندگی اور بہترین موت مانگتا ہوں۔ اور مجھے ثابت قدم رکھ، میرا نامۂ اعمال وزنی کر، میرا ایمان ثابت کر، میرے درجے بلند کر، میری نماز قبول کر اور میری خطا بخش دے۔

44: اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

O Allah, purify my heart from hypocrisy, my actions from show, my tongue from lies and my eyes from deception. For surely You fully aware of the deception of the eyes and all that the chest conceals.

اے اللہ ! پاک کر میرے دل کو نفاق سے، میرے عمل کو ریا سے، میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت (یعنی نظر حرام) سے بے شک تو جانتا ہے آنکھوں کی خیانت کو اور اس چیز کو جو کہ سینوں میں پوشیدہ ہے (بیہقی)

45: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ

‘O Allah, I seek refuge inYou from evil character, evil actions, and evil desires.

اے اللہ ! بے شک میں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

46: رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا (17:24)

My Lord, have mercy upon them as they brought me up [when I was] small.

اے میرے رب ! ان دونوں (والدین) پر رحم فرما، جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا۔

47: رَّبِّ ٱغْفِرْ وَٱرْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ ٱلرَّٰحِمِينَ (23:118)

O my Lord! grant Thou forgiveness and mercy for Thou art the Best of those who show mercy!

اے میرے رب ! تو بخش اور رحم کر اور تو سب مہربانوں سے بہتر مہربان ہے۔

48: اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ فِعۡلَ الۡخَيۡرَاتِ، وَتَرۡكَ الۡمُنۡكَرَاتِ، وَحُبَّ الۡمَسَاكِيۡنِ، وَاَنۡ تَغۡفِرَ لِي وتَرۡحَمَنِي، وَاِذَا اَرَدۡتَ فِتۡنَةً فِي قَوۡمٍ فتَوَفَّنِي غيرَ

مَفْتُونٍ، وَأَسْئَلُكَ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُ إِلَى

حُبِّكَ

O Allah! I ask of you the doing of the good deeds, avoiding the evil deeds, loving the poor, and that You forgive me, and have mercy upon me. And when You have willed Fitnah in the people, then take me without the Fitnah. And I ask You for Your love, the love of whomever You love, and the love of the deeds that bring one nearer to Your love.

اے اللہ! میں تجھ سے بھلے کاموں کے کرنے اور منکرات (ناپسندیدہ کاموں) سے بچنے کی توفیق طلب کرتا ہوں، اور مساکین سے محبت کرنا چاہتا ہوں، اور چاہتا ہوں کہ تو مجھے معاف کر دے اور مجھ پر رحم فرما، اور جب تو کسی قوم کو آزمائش میں ڈالنا چاہے، تو مجھے تو فتنہ میں ڈالنے سے پہلے موت دیدے، میں تجھ سے اور اس شخص سے جو تجھ سے محبت کرتا ہو، محبت کرنے کی توفیق طلب کرتا ہوں، اور تجھ سے ایسے کام کرنے کی توفیق چاہتا ہوں جو کام تیری محبت کے حصول کا سبب بنے۔

(ترمذی)

49: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ

الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَآمِنْ

رَوْعَاتِیْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ

شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِکَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ

O Allah! Verily I ask You for wellness in this life and in the hereafter. O Allah! I ask You for forgiveness and well-being in my religion and in my worldly affairs and in my family and my wealth. O Allah! Cover up my defects and change my fear into peace. O Allah! Protect from front and from behind and on my right and on my left and from above and I seek refuge in Your Magnificence lest I am destroyed from beneath me.

اے اللہ ! بے شک میں آپ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں، اے اللہ ! بے شک میں آپ

سے درگزر کا اور اپنے دین، دنیا، اہل اور مال کی عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ ! میرے عیب

ڈھانپ دے اور مجھے خوف سے امن دے۔ اے اللہ ! میری حفاظت کر، میرے سامنے سے اور



www.arrahma.org |

میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں پناہ چاہتا

ہوں تیری عظمت کے ذریعے اس سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

50: اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزۡنِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنَ الْعَجۡزِ وَ

الْکَسَلِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنَ الْبُخۡلِ وَالْجُبۡنِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنَ وَغَلَبَةِ الدَّیۡنِ قَھۡرِ

الرِّجَالِ

O Allah, I seek refuge in You from care and grief; I seek refuge in You from incapacity and slackness; I seek refuge in You from stinginess and cowardice; I seek refuge in You from being overcome by debt and being put in subjection by men.

اے اللہ ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر و غم سے، عاجزی و سستی سے، بخل و بزدلی سے،

قرض کے غلبے سے اور لوگوں کے قھر سے۔ (مشکاۃ المصباح)

51: اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ بَدَنِیۡ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ سَمۡعِیۡ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ بَصَرِیۡ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ۔

O Allah! Grant well-being to my body, O Allah! Grant well-being to my hearing, O Allah! Grant well-being to my sight. There is no true deity

except You.

اے اللہ! میرے بدن میں مجھے عافیت دے، اے اللہ! میرے کانوں میں مجھے عافیت دے، اے اللہ! میری آنکھوں میں مجھے عافیت دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔(سنن ابی داؤد)

52: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَ
الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَ
الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ وَ
اَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَيِّئِ
الْأَسْقَامِ

O Allah, I seek refuge in You from Inability/ Weakness; Laziness/lethargy; Cowardice, Miserliness, Senility, Hard heartedness, Heedlessness, Deprivation/destitution; Humiliation/Disgrace, Poverty/misery; And I seek refuge in You from absolute poverty, Disbelief, Rebellion/iniquity; Dissension, Hypocrisy, Seeking fame, And showing off, And I seek refuge in You from deafness, Being mute, Insanity/madness; Leprosy, Leukoderma, And from any bad illness.

اے اللہ ! میں عاجزی اور سستی، بزدلی اور بخل، انتہائی بڑھاپے اور سخت دلی، غفلت اور تنگ دستی، ذِلّت اور ناداری سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور محتاجی، کفر، شرک، نافرمانی، اختلاف، منافقت، بری شہرت اور ریاکاری سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں بہرہ ہونے، گونگا ہونے، پاگل پن، کوڑھ، برص اور تمام بری بیماریوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔( طبرانی)

53: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ، وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ، وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ، وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِي دَارِ الْمُقَامَةِ

O Allah, I seek refuge in You from bad days, bad nights, bad hours, bad companions, and bad neighbors in my place of residence.

اے للہ ! بے شک میں برے دن، بری رات، بری گھڑی، برے دوست اور قیام کی جگہ میں برے ہمسایہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔( طبرانی)

54: اَعُوْذُبِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَآمَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَآمَّةٍ

I seek refuge in the complete, perfect words of Allah from every Satan and poisonous pest and every evil (i.e. harmful, envious) eye.

میں ہر شیطان اور موذی جاندار اور ہر نظر بد سے اللہ کے کامل اور پر اثر کلمات کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں۔

55: اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَائَۃِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ

O Allah! I seek refuge in You from a decline in Your bounties, and a change of state of well-being, a sudden onset of Your punishment and (from) all Your wrath.

اے اللہ! بے شک میں تیری عطا کردہ نعمتوں کے زوال سے، تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے، تیری سزا کے اچانک وارِد ہو جانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

56: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ الْاَشْیَاءِ اِلَیَّ وَاجْعَلْ خَوْفَکَ اَخْوَفَ الْاَشْیَاءِ اِلَیَّ وَاقْطَعْ عَنِّیْ حَاجَاتِ الدُّنْیَا بِالشَّوْقِ اِلٰی لِقَائِکَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْیُنَ اَھْلِ الدُّنْیَا مِنْ دُنْیَاھُمْ فَاَقْرِرْ عَیْنِیْ مِنْ عِبَادَتِکَ

O Allah! Increase Your love for me over the love of all other things, exceed Your fear over the fear of all other things and exceed my eagerness to

meet You over all the worldly desires, And when the eyes of the people of the world are cooled by their world, place the coolness of my eyes in Your worship.

اے اللہ ! اپنی محبت کو میرے لیے ہر چیز کی محبت سے بڑھادے، مجھ میں اپنا خوف ہر چیز کے خوف سے زیادہ کر دے، دنیا کی ہر طلب پر اپنی ملاقات کا شوق غالب کر دے اور جب تو دنیا والوں کو ان کی دنیا سے ٹھنڈک دے تو میری آنکھوں کی ٹھنڈک اپنی عبادت میں رکھ دے۔

57: اَللّٰهُمَّ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ، فَاجْعَلْ ذَالِكَ لَهُ قُرْبَةً إِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

O Allah, whomever of the believers I have abused, please let that be a means of bringing him near to You.

اے اللہ ! میں نے جس مومن کو بھی برا بھلا کہا ہو تو اس کے لیے اسے قیامت کے دن اپنی قربت کا ذریعہ بنادے۔

58: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَعْمَالِ وَأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ وَقِنِي سَيِّئَ الْأَعْمَالِ وَسَيِّئَ الْأَخْلَاقِ لَا يَقِي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

O Allah, guide me to the best of deeds and the best of manners, for none can guide to the best of them but You. And protect me from bad deeds and bad manners, for none can protect against them but You.

اے اللہ! مجھے حسن اعمال اور حسن اخلاق کی توفیق دے، تیرے سوا کوئی اس کی توفیق نہیں دے سکتا، اور مجھے برے اعمال اور قبیح اخلاق سے بچا، تیرے سوا کوئی ان برائیوں سے بچا نہیں سکتا۔

(مشکاۃ المصابیح)

59: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

O Allah! I ask of You, as all praise is for You, there is no deity except You, the most Gracious, Originator of the Heavens and the Earth, O the most Majestic and Honorable, O the Eternal and Self Subsisting.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوجہ اس کے کہ سب تعریف تیرے لیے ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، بہت احسان کرنے والا، آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا، اے بزرگی اور عزت والے، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اور اے ہمیشہ قائم رہنے والے۔

(سنن ابی داؤد)

60: اللَّهُمَّ مَتِّعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّي وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ يَظْلِمُنِي وَخُذْ مِنْهُ بِثَأْرِي

O Allah, give me pleasure in my hearing and my sight, and make it the inheritor from me, and aid me against whoever oppresses me, and take vengeance from him for me.

اے اللہ! مجھے اپنے دونوں کانوں اور دونوں آنکھوں سے فائدہ پہنچا، اوران دونوں کو میرے لیے باقی رکھ اور مجھ پر ظلم ڈھانے والوں کے خلاف میری مدد فرما، اور ظالم سے تو میرا بدلہ لے۔( سنن ترمذی)

61: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

O Allah, I ask You for guidance, piety, chastity and affluence.

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، پرہیز گاری، پاکدامنی اور دل کی مالداری چاہتا ہوں۔

62: يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

O Turner of the hearts, turn our hearts to your obedience.

اے دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر لے۔

[2654: صحیح مسلم]

63: اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ، وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ، وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

O Allah! We beg You for that which incites Your Mercy and the means of Your forgiveness, safety from every sin, the benefit from every good deed, success in attaining Jannah and deliverance from Fire.

اے اللہ! ہم تجھ سے ان چیزوں کا سوال کرتے ہیں جو تیری رحمت کا سبب ہوں، اور تیری مغفرت کو لازم کریں، اور ہم ہر گناہ سے سلامتی کا سوال کرتے ہیں اور تجھ سے ہر نیکی کی کثرت چاہتے ہیں اور جنت کی کامیابی اور آگ سے نجات کا تجھ سے سوال کرتے۔ (ریاض الصالحین)

64: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

May the fasting (people) break their fast with you, and the pious eat your food, and the angels pray for blessing on you.

افطار کرتے رہیں تمہارے پاس روزہ دار اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لئے دعائیں کرتے رہیں۔

## 65: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

O Allah, I ask You for guidance, piety, chastity and affluence.

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکدامنی اور دل کی مالداری چاہتا ہوں۔

## 66: اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ

O Allah, I submit my soul unto You, and I entrust my affair unto You, and I turn my face towards You, and I totally rely on You, in hope and fear of You. Verily there is no refuge nor safe haven from You except with You. I believe in Your Book which You have revealed and in Your Prophet whom You have sent.

اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے سپرد کی اور اپنا معاملہ تجھے سونپا اور خود کو تیری طرف متوجہ کیا اور اپنی پشت تیری پناہ میں دی تجھ سے امید اور تیرے خوف کے ساتھ، تیرے سوا کوئی جائے پناہ

اور نجات نہیں، میں ایمان لایا تیری کتاب پر جو تو نے نازل کی اور تیرے نبی ﷺ پر جن کو تو نے بھیجا۔( صحیح البخاری:6313)

67: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

O Allah, I ask You to grant me Paradise and protect me from the Fire.

اے اللہ ! میں آپ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور دوزخ سے پناہ چاہتا ہوں۔

68: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

O Allah, I ask You for well-being in this world and in the Hereafter.

اے اللہ ! بے شک میں آپ سے دنیا اور آخرت کی عافیت طلب کرتا ہوں۔

69: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

O Allah, I ask You for well-being and forgiveness in this world and in the Hereafter.

اے اللہ ! بے شک میں آپ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں دنیا اور آخرت میں۔

70: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِي يُبَلِّغُنِي

حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي وَأَهْلِي، وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ

O Allah, indeed, I ask You for Your love and the love of those who love You, and for the deeds that will cause me to attain Your love. O Allah! Make Your Love dearer to me than myself, my family and the cold water.

اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور میں اس شخص کی بھی تجھ سے محبت مانگتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے، اور ایسا عمل چاہتا ہوں جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔ اے اللہ! تو اپنی محبت کو مجھے میری جان اور میرے گھر والوں سے زیادہ محبوب بنا دے، اے اللہ! اپنی محبت کو ٹھنڈے پانی کی محبت سے بھی زیادہ کر دے۔

71: اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ

O Allah guide my heart and keep my tongue truthful and remove grudges from my heart.

اے اللہ! میرے دل کو رہنمائی عطا فرما میری زبان کو درستگی عطا فرما اور میرے دل کے کینے کو دور فرما۔

72: رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا (25:65)

A R R A H M A H

إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا (25:66)

"Our Lord, avert from us the punishment of Hell. Indeed, its punishment is ever adhering; Indeed, it is evil as a settlement and residence."

اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کا عذاب پرے ہی پرے رکھ، کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے۔ بے شک وہ ٹھہرنے اور رہنے کے لحاظ سے بدترین جگہ ہے۔

73: رَبِّ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ (12:101)

"My Lord, You are my protector in this world and in the Hereafter. Let me die in true devotion to You. Join me with the righteous."

اے میرے رب! تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا سرپرست ہے، میرا خاتمہ اسلام پر کر اور انجام کار مجھے صالحین کے ساتھ ملا۔

74: رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (66:8)

Our Lord, perfect for us our light and forgive us. Indeed, You are over all things competent.

اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل کر دے اور ہماری بخشش فرما، بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

A R R A H M A H

75: اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

O Allah, keep us steadfast on La Ilaha IlallAllah at the time of our death.

اے اللہ! ہماری موت کے وقت ہمیں کلمۂ طیبہ لا الہ الا اللہ پر ثابت رکھنا۔

76: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَأَنَا أَعْلَمُ بِهِ

وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ بِهِ

O Allah, I seek refuge with You that I associate anything (partner) with you knowingly, and I seek Your forgiveness for that which we do unknowingly.

اے اللہ بیشک میں اس چیز سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تیرے ساتھ ایسی چیز کو شریک ٹھہرائیں کہ جس کو میں جانتا ہوں اور تجھ سے اس چیز کی بخشش چاہتا ہوں، جس کو میں نہیں جانتا۔

77: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِيْنِكَ

O Changer of the hearts, make my hearts firm upon Your religion.

اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر جمادے۔[صحیح مسلم:2654]

78: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ

I seek forgiveness from Allah, there is no true deity except Him. The Ever Living, the Self Subsisting and I turn (in repentance) towards Him.

میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ، قائم رہنے والا ہے اور میں اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

79: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَارْفَعْنِي

O Allah! grant me pardon, and have mercy upon me, and guide me to the path of righteousness, and support me, and grant me protection, and provide me sustenance, and elevate me.

اے اللہ! مجھے بخش دے، اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھے ہدایت دے، اور میرے کاموں کی اصلاح فرما دے، اور مجھے عافیت دے اور، مجھے رزق عطا فرما، اور مجھے بلندی عطا فرما۔(الترمذی وابن ماجہ)

80: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ عَمَلِي كُلَّهُ صَالِحًا وَاجْعَلْهُ لِوَجْهِكَ خَالِصًا وَلَا تَجْعَلْ لِأَحَدٍ فِيهِ شَيْئًا

O Allah, make all of my deeds righteous and make them purely for your sake, and do not let there be any share for anyone or anything else in them

اے اللہ ! میرے تمام اعمال اچھے بنادے، انہیں اپنے لیے خالص کر دے اور ان میں کسی دوسرے کا کوئی حصہ نہ رکھ۔

## 80: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ عَمَلِي كُلَّهُ صَالِحًا وَاجْعَلْهُ لِوَجْهِكَ خَالِصًا وَلَا تَجْعَلْ لِأَحَدٍ فِيهِ شَيْئًا

O Allah, make all of my deeds righteous and make them purely for your sake, and do not let there be any share for anyone or anything else in them

اے اللہ ! میرے تمام اعمال اچھے بنادے، انہیں اپنے لیے خالص کر دے اور ان میں کسی دوسرے کا کوئی حصہ نہ رکھ۔

## أَللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِن فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ

O Allah, indeed, I ask You for Your bounty and Your mercy

اے اللہ ! میں تجھ سے تیرے فضل اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں۔

A R R A H M A H